www.KitaboSunnat.com

مسئلۂ خلافت

www.KitaboSunnat.com

مولانا ابوالکلام آزاد

www.KitaboSunnat.com

مسئلہ خلافت

مولانا ابو الکلام آزادؒ

مکتبہ جمال
تھرڈ فلور' حسن مارکیٹ' اردو بازار لاہور
فون 7232731

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا ر ا ۲۵۹
ا ر ا مـ حـم

جملہ حقوق محفوظ

نام کتاب ———— مسئلہ خلافت

مصنف ———— مولانا ابوالکلام آزادؒ

اہتمام ———— وقار احمد / شکیل احمد

ناشر ———— مکتبہ جمال

مطبع ———— اصغر پریس

سن اشاعت ———— 2006

قیمت ———— ۱۲۰ روپے

المكتبة الرحمانية
۹۹۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
14620
مکتبہ جمال

تھرڈ فلور حسن مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 7232731
Email: maktaba_jamal@email.com
maktabajamal@yahoo.co.uk

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شریعت کا مقنن تھا، نسق کا بانی تھا، ملکوں کا حاکم اور سلطنت کا مالک تھا۔ وہ اگر چتوں اور چھال سے پٹی ہوئی مسجد کے منبر پر وحی الٰہی کا ترجمان اور انسانی سعادت وہدایت کا واعظ تھا تو اسی کے صحن میں یمن کا خراج تقسیم کرنے والا اور فوجوں کو میدان جنگ میں بھیجنے کے لیے سپہ سالار لشکر بھی تھا۔ وہ ایک ہی وقت اور ایک ہی زندگی میں گھروں کا نظام معاشرت درست کرتا اور نکاح وطلاق کے قوانین نافذ کرتا اور ساتھ ہی بدر کے کنارے دشمنوں کا حملہ بھی روکتا اور مکہ کی گھاٹیوں میں سے ایک فاتح حکمران کی طرح نمایاں بھی ہوتا ہے۔ غرضیکہ اس کی ایک شخصیت کے اندر مختلف حیثیتیں اور منصب جمع تھے اور اسلام کا نظام دینی بھی تھا کہ یہ ساری قوتیں ایک ہی فرد میں جمع رہیں۔

جب آپؐ دنیا سے تشریف لے گئے تو خلفاء راشدینؓ کی خلافت خاصہ اسی اجتماع قوٰی و مناصب پر قائم ہوئی اور اسی لیے اس کو "منہاج نبوت" سے تعبیر کیا گیا۔ یعنی یہ نیابت ٹھیک ٹھیک ہر لحاظ اور ہر پہلو سے مخض جامع نبوت کی بچی قائم مقامی اپنے اندر رکھتی تھی۔

منصب نبوت مختلف اجزاء نظر و عمل سے مرکب ہے۔ از اں جملہ ایک جزو وحی و تنزیل کا مورد ہونا اور شریعت میں تشریع وتاسیس قوانین کا اختیار رکھنا ہے۔ یعنی قانون وضع کرنا اور اس کے وضع وقیام کی معصومانہ وغیر مسئولانہ قوت۔ اس جزو کے اعتبار سے نبوت آپ کے وجود پر ختم ہو چکی تھی اور قیامت تک کے لیے شریعت وقانون کے وضع وقیام کا معاملہ کامل ہو چکا تھا۔ جب نعمت کامل ہو گئی تو پھر کامل چیز ہی کو ہمیشہ باقی رہنا چاہیے۔ اس کی جگہ کسی دوسری چیز کا آنا نقص کا ظہور ہوگا نہ کہ تکمیل کا۔ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا (۵۔۳)

لیکن منصب نبوت اس اصلی جزو کے ساتھ بہت سے تبعی اجزاء پر بھی مشتمل تھا اور ضروری تھا کہ ان کا دروازہ ہمیشہ کھلا رہے۔ اس چیز کو مختلف احادیث میں مختلف تعبیرات سے موسوم کیا ہے۔ حضرت عمرؓ کے لیے "محدث" (بالفتح) کا مقام بتلایا گیا۔ علماء کو انبیاء کا وارث کہا گیا۔ مبشرات صادقہ کو نبوت کا چالیسواں جزء قرار دیا۔ لم یبق الا المبشرات حدیث تجدید بھی اسی سلسلہ میں داخل ہے۔ پس خلفاء راشدینؓ کو جو نیابت پہنچی، اس میں وحی وتشریع کی قائم مقامی تو نہیں ہو سکتی تھی لیکن اور تمام اجزاء وخصائص نبوت کی نیابت داخل تھی۔ داعی اسلام کا وجود نبوت کے ساتھ خلافت ارضی، حکومت وسلطنت، نظام وقوام سیاست قیادت فوج وحرب، فتح وعمران ممالک، ریاست مجالس شوریٰ وغیرہ، جہانبانی وحکمرانی کے تمام منصب تنہا اپنی شخصیت کے اندر رکھتا تھا۔ اس لیے ٹھیک ٹھیک اسی طرح خلافت خاصہ میں بھی خلفاء راشدینؓ کا تنہا وجود ان ساری نظری وعملی قوتوں اور تمام منصوبوں کا جامع ہوا۔ وہ ایک ہی وجود کے اندر صاحب امامت و خلافت بھی تھے، صاحب اجتہاد وقضا بھی تھے، اور صاحب سیاست ونظم احکام وبلاد بھی۔ اصلاً "امامت کبریٰ" کا مقام اجتہاد دینی اور

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ